سوال

(164) میرے پاس کچھ مال ہے جسے اس کے مالک نے مسجد پر خرچ کرنے کیلیے۔۔۔۔

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

میرے پاس اہل خیر کی طرف سے مسجد بنانے کے لئے کچھ مال جمع ہے، یہ مال میرے پاس ایک سال سے زیادہ عرصہ رہا، کیا اس پر زکوۃ واجب ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس مال پر مطلقا زکوۃ نہیں ہے کہ اس کے مالک نے اسے فی سبیل اللہ خرچ کر دیا ہے، آپ کو چاہیئے کہ اسے جلد مطلوبہ کام میں خرچ کردیں۔

مقالات وفتاویٰ ابن باز

صفحہ 264

محدث فتویٰ